SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

May 28, 2021

## ایس ای سی پی نے سٹاک ایکسچینج میں کمپنیوں کی ڈائریکٹ لسٹنگ کی منظوری دے دی

اسلام آباد(مئی 28)سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کیپٹل مارکیٹ میں سرمائے کی تشکیل اور مارکیٹ کو وسعت دینے کے پیش نظر سٹاک مارکیٹ میں کمپنیوں کی براہ راست لسٹنگ کے لئے ریگولیٹری فریم ورک کی منظوری دے دی ہے۔

ڈائریکٹ لسٹنگ کا فریم ورک جو کہ تمام شراکت داروں اور عوامی مشاورت کے بعد تشکیل دیا گیا ہے، پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی رولز بک کا حصہ ہو گا۔ ڈائریکٹ لسٹنگ کے عمل میں کمپنی اپنے موجودہ شئیرز منظور شدہ سرمایہ کاروں کو فروخت کر کے سٹاک مارکیٹ میں لسٹ ہو جاتی ہے جبکہ اس عمل میں کمپنی کو کسی انٹرمیڈر ٹیری کی ضرورت نہیں ہوتی۔

ڈائریکٹ لسٹنگ کی سہولت سے کمپنیوں کی سٹاک مارکیٹ میں لسٹنگ سہل اور آسان ہو جائے گی جس سے کمپنیوں کی کارپوریٹ گورننس میں بھی بہتری آئے گی۔ ایس ای سی پی کے منظور شدہ فریم ورک میں کمپنیاں کے حصص کی منظور شدہ سرمایہ کاروں اور کمپنی کے موجودہ شئیر ہولڈروں کو فراہمی کا طریقہ کار اور شرائط وضوابط وضع کئے گئے ہیں۔

فریم ورک کے مطابق، کوئی بھی پبلک لمیٹڈ کمپنی جس کا کم سے کم اداشدہ سرمایہ 200 ملین روپے ہو، اور کمپنی کے گزشتہ دو سال کے اکاوئنٹ آڈٹ شدہ ہوں، سٹاک ایکسچینج میں براہ راست لسٹنگ کے لئے درخواست دے سکتی ہے۔ کمپنیوں کو لسٹنگ کے بعد کارپوریٹ گورننس اور لسٹنگ کے بعد کی کمپلائنس کو یقینی بنانا ہو گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005